مزید تشریح اور مسلم لیگ کی حمایت کی گئی ہے۔ ۲ر کے ٹکٹ بھیج کر مذکورہ بالا پتہ سے مل سکتا ہے۔

تابعین | تالیف شاہ معین الدین احمد صاحب ندوی ۔ ضخامت ۵۳۸ صفحات ۔ قیمت درج نہیں۔
ملنے کا پتہ :۔ دارالمصنفین، اعظم گڈھ ۔

یہ کتاب ۱۹۶ اکابر تابعین کے حالات و سوانح پر مشتمل ہے۔ مولف موصوف نے مستند تاریخی ماخذ سے پوری چھان بین کے ساتھ یہ مرقع سیر قلم بند فرمایا ہے اور قریب قریب ہر واقعہ اور جزئیہ کو بیان کرکے اس کے ماخذ کا حوالہ بھی دیدیا ہے۔ یوں تو تابعین کی تعداد لاکھوں سے متجاوز ہے اور ان میں صدہا اپنے وقت کے مشاہیر میں تھے لیکن یہ کتاب چونکہ محض اسلامی بصیرت سے مسلمانوں کو روشناس کرنے کے لیئے لکھی گئی ہے اس لیے صرف انھیں بزرگوں کے سوانح حیات تک اسکا دائرہ محدود ہے جو بحیثیت ایک نمائندہ اسلامیت کے اپنے اندر کوئی اسوہ رکھتے ہیں۔

کتاب کے شروع میں مولانا حبیب الرحمٰن صاحب شروانی کا ایک مختصر مقدمہ ہے، جس میں موصوف نے کتاب کی بعض واقعی اور اہم فروگذاشتوں کی طرف اشارہ کردیا ہے۔

سیرتِ بتول | تالیف مولانا اعجاز الحق صاحب قدوسی ۔ ضخامت ۴۰ صفحات، قیمت ۶ر
ملنے کا پتہ :۔ سلیم اختر صاحب قدوسی، نامپلی جدید، مکان ۱۱/۷ لال ٹیکری ۔ حیدرآباد ۔ دکن ۔

مولف کو تاریخ و سیرت کے فن سے ایک خاص دلچسپی ہے۔ وہ مسلمان بچیوں اور عورتوں کے پڑھنے کے لیے اکابر اسلام کی سیرتیں لکھنے کی مسلسل خدمت انجام دے رہے ہیں۔ کتاب زیر تبصرہ اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے جس میں جگر گوشۂ رسول فاطمہ بتول رضی اللہ عنہا کے حالات و اخلاق نہایت صاف اور شستہ زبان میں اختصار کے ساتھ جمع فرمائے ہیں۔ ہر مسلمان بچی کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا اور سیدۃ النساء کے اسوۂ مبارک کو سامنے رکھنا چاہیے تاکہ اسے معلوم ہو کہ مسلمان بچی، مسلمان بیوی اور مسلمان ماں کیسی ہوتی ہے۔